# مولانا شيخ محمد عادل رباني

## صلوٰة آپ کو قریب لے آتا ہے

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته. أعوذ بالله من الشيطان الرجيم. بسم الله الرحمن الرحيم. الصلاة والسلام على رسولنا محمد سيد الأولين والآخرين. مدد يا رسول الله، مدد يا ساداتي أصحاب رسول الله، مدد يا مشايخنا، دستور مولانا الشيخ عبد الله الفائز الداغستاني، شيخ محمد ناظم الحقاني، مدد. طريقتنا الصحبة والخير في الجمعية.

بسم الله الرحمن الرحيم

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا

(قرآن ۳۳:۵۶) بیشک اللہ اور اس کے فرشتے رسول پر درود بھیجتے ہیں: اے ایمان والو! تم بھی آپ پر درود بھیجو، اور سلام بھیجو پورے ادب کے ساتھ۔ اَللّٰهم صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ۔ اللہ عزّ و جل یہ حکم سب مسلمانوں کو دے رہا ہے: اپنے رسول ﷺ پر درود بھیجو۔ کیونکہ اللہ عزّ و جل اور تمام فرشتے ہمارے رسول ﷺ کی تعریف کرتے ہیں، آپ ﷺ پر درود و سلام بھیجتے ہیں۔

ہمارے درود و سلام بھیجنے سے ہمارے رسول ﷺ کو کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ یہ ہمارے اپنے لیے فائدہ مند ہے۔ اس کا فائدہ ہمارے لیے ہے۔ جتنا زیادہ آپ درود و سلام پڑھتے ہیں، اتنا ہی زیادہ اللہ جل جلالہ آپ کے لیے نیکیاں لکھتا ہے، آپ کے درجات مزید بلند ہوتے ہیں اور آپ مزید (اللہ جل جلالہ کے) قریب ہوجاتے ہیں۔ جب آپ یہ نہیں کرتے، تو آپ بےجان اور خشک ہوجاتے ہیں۔ جب کوئی اپنے آپ پہ بھروسہ کرتا ہے اور تکبر میں کہتا ہے، "وہ کون ہے؟ میں بھی وہی ہوں،" تو وہ شیطان کی پوری طرح سے پیروی کر رہا ہوتا ہے۔ ہمارے پاک رسول ﷺ کی تعریف کرنا لوگوں کے لیے، اور خاص طور پر مسلمانوں کے لیے، سب سے عظیم فائدہ ہے۔ وہ مسلمان جو رسول ﷺ کے مقدس چہرے کی وجہ سے اسلام قبول کرتے ہیں، اللہ جل جلالہ نے ان پر اپنی رحمتیں عطا کی ہیں۔

لہذا، رسول ﷺ پر درود و سلام بھیجنا سب سے عظیم عبادتوں میں سے ہے۔ ہمارے رسول ﷺ کی عزت کرنا اللہ عز و جل کی عزت ہے۔ آپ ﷺ سے محبت کرنا اللہ عز و جل سے محبت کرنا ہے۔ ہر چیز میں جتنا آپ ہمارے رسول پاک ﷺ کی عزت اور تعظیم کرتے ہیں، اتنا ہی اللہ جل جلالہ آپ پر رحمتیں نازل کرتا ہے، اور وہ جل جلالہ آپ کو مزید عزت عطا کرتا ہے۔

جب آپ درود و سلام بھیجتے ہیں، ہمارے رسول ﷺ فرماتے ہیں، "میں بھی تمہیں جواب میں ضرور بھیجوں گا۔" ہمارے رسول ﷺ خوشخبری دیتے ہیں کہ جب آپ درود و سلام بھیجتے ہیں، رسول ﷺ اسے قبول فرماتے ہیں اور جواب بھی دیتے ہیں۔ یہ کتنی خوبصورت بات ہے! اکثر

# مولانا شیخ محمد عادل ربانی

لوگ کہتے ہیں، ”میں ہمارے رسول ﷺ کو خواب میں دیکھنا چاہتا ہوں۔“ لیکن جب کوئی درود و سلام بھیجتا ہے، اسے فوراً رسول ﷺ کی جانب سے جواب ملتا ہے۔ آپ قریب ہوجاتے ہیں۔ ”میں رسول ﷺ کو خواب میں دیکھوں گا۔ میں سوتا ہوں۔ میں نیند سے بیدار ہوتا ہوں۔ میں سالوں سے انتظار کر رہا ہوں۔“ اگر اللہ جلّ جلالہ نے نصیب میں لکھا ہے، یہ ضرور ہوگا۔ لیکن درود و سلام تو ہمیشہ ہی فوراً ہمارے رسول ﷺ کو بھیج دیا جاتا ہے۔ رسول ﷺ کو آپ کی خبر دی جاتی ہے۔ رسول ﷺ آپ کو آپ کا جواب بھی دیتے ہیں۔

اللہ جلّ جلالہ ہماری آپ ﷺ سے محبت میں اضافہ عطا کرے، ان شاء اللہ، اس مبارک جمعہ کے صدقے۔ اللہ جلّ جلالہ ہمیں صحیح راستے (حق) سے جدا نہ کرے۔ اللہ جلّ جلالہ ہمیں اپنے نفس کی پیروی کرنے والا نہ بنائے، ان شاء اللہ۔

ومن اللہ التوفیق. الفاتحة.

قرآن ختم، یٰسین شریف، آیات، سورتیں، تسبیحات، تہلیلات، صلوات اور دلائل الخیرات کے ختم پڑھے گئے ہیں۔ یہ تمام سورتیں، مبارک آیات اور ختم دنیا بھر سے ہمارے حوالے کیے گئے ہیں۔ ہم یہ سب سے پہلے ہمارے رسول ﷺ، اہلِ بیت اور صحابہ، تمام انبیاء، اولیاء، اصفیاء اور پیغمبروں کی روحوں کو ہدیہ کرتے ہیں۔ ہمارے مشائخ کی روحوں کو بھی، خاص طور پر ہمارے شیخ، مولانا شیخ ناظم، ہالا سلطان، حاجیہ آنہ سلطان کی روحوں کو۔ تمام گزر چکے بزرگوں کی روحوں کو۔ جو لوگ یہ پڑھ کر عرض کرتے ہیں، اللہ ان کے سب مقاصد پورے کرے۔ دنیا کی خوشی اور آخرت کی خوشی کے لیے۔ اللہ جلّ جلالہ تمام گزر چکے بھائیوں پر اپنا رحم فرمائے، خاص طور پر حسین افندی پر۔ اللہ جلّ جلالہ ان کا مقام بلند کرے۔ اللہ جلّ جلالہ ان کے گھر والوں کو صبر دے۔ ہم سب کے لیے خوشی ہو دنیا اور آخرت میں۔

لِلّٰہِ تَعَالٰی، الفاتحہ۔

مولانا شیخ محمد عادل ربانی
۱۷ جولائی ۲۰۲۵ / ۲۲ محرم ۱۴۴۷
نماز فجر – زاویة أکبابا، اسطنبول

www.mawlanasultan.org